پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد ۱۲
شمارہ ۱۰

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

یکم ذیقعد ۱۴۰۳
۱۰ اگست ۱۹۸۳

یومِ آزادی مبارک

ہم نے پاکستان کا مطالبہ زمین کا ایک ٹکڑا حاصل کرنے کیلئے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلامی اصولوں پر عمل کر سکیں۔ قائد اعظم

(۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء، اسلامیہ کالج پشاور میں طلبا سے خطاب)

ظہورِ نظر

میرے وطن میں
پیارے وطن میں
بسنے والے پیارے لوگو!
رونے والے ہنسنے والے سارے لوگو!!

آج کو زندہ رکھنا

خندہ لبوں پر ——
دیدۂ نم میں
عہدِ عنایت ——
دورِ ستم میں
بزمِ طرب میں
محفلِ غم میں
سود و زیاں کے
بیش و کم میں
ہر صورت میں
ہر موسم میں
آج کے دن کو زندہ رکھنا ——!!!
جب تک آج کا دن زندہ ہے، ہم زندہ ہیں
آنے والے سبھی زمانے سارے خواب درخشندہ ہیں

گا رہے گا ہے باز خواں

فضل حق

[illegible]

بلدیاتی انتخاب کے مسئلہ پر ایم آر ڈی سنگین بحران کا شکار ہو گئی

کالعدم پیپلز پارٹی کا فیصلہ موقع پرستی کی بدترین مثال ہے: مختلف رہنماؤں کی نکتہ چینی

[illegible]

ہمارے خلاف منظم انداز میں کردار کشی کی مہم چلائی جا رہی ہے

مولانا مودودی کی وفات کے بعد ان کے خاندان کو بلیک میل کرنے کی کوشش

قوم ان گھٹیا حرکتوں کا منہ توڑ جواب دے: بیگم محمودہ مودودی

لاہور ــــ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم کی اہلیہ محمودہ بیگم نے کہا ہے کہ مولانا کی وفات کے بعد ان کے (بیگم صاحبہ) اور ان کے بیٹوں کے خلاف منظم انداز میں کردار کشی کی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ [illegible]

برما کی حکومت کے مظالم سے تنگ آ کر پاکستان آنے والے مسلمان جیلوں میں ہیں

سکھر ــــ [illegible]

پاکستان ٹیلی ویژن کی معذرت

اسلام آباد ــــ [illegible]

معروف مسلمان جنگجو

رضیہ سلطان کی زندگی پر ہندی فلم

[illegible]

[illegible]

یوگوسلاویہ میں تیرہ مسلمانوں کے خلاف "اسلامی انقلاب" کے الزامات پر مقدمہ

تین اماموں اور دو خواتین سمیت ان مسلمانوں پر اسلامی ممالک کے ساتھ مل کر یوگوسلاویہ میں اسلامی مملکت کے قیام کی "سازش" کا الزام ہے

بلغراد ــــ [illegible]

امریکہ سے تعلقات منقطع کر لینے کا مطالبہ مسترد

کویت ــــ [illegible]

مجسٹریٹ کے خلاف ٹریفک پولیس کا مظاہرہ

ڈی آئی جی پولیس سمیت متعدد افسر معطل

فیصل آباد میں مجسٹریٹ نے رشوت لینے پر ٹریفک پولیس حکام کو گرفتار کر لیا

لاہور ــــ پنجاب کی صوبائی حکومت نے [illegible]

امریکی وزیر دفاع مستقبل قریب میں پاکستان کا دورہ کریں گے

واشنگٹن ــــ [illegible]

Canadian Broadcasting Corporation · Société Radio-Canada

CBC Broadcast Journalism Training
Program for Visible Minorities
English Language Service

A training and development program for visible minority men and women with outstanding potential for working in radio and television information programs.

Successful candidates will take part in an intensive six-week training program at CBC Toronto in October. They will then be assigned for 8 months to CBC program units for day-to-day working experience paid at normal CBC rates. On completion of the program graduates will be free to seek employment with any broadcaster.

QUALIFICATIONS: Canadians or landed immigrants of visible minority (non-European) background who speak and write English with ease, accuracy, fluency and skill. Evidence of actual or potential journalistic ability, or similar communication skills is essential. Canadidates must be available for the period Oct., 1983 to July 1984 and be free to travel and work anywhere in Canada.

Applicants should submit a letter outlining their interest in the program, a detailed resume and written and/or recorded work by August 15 to: **Visible Minority Training Program, Canadian Broadcasting Corporation, National Training Service, P.O. Box 500, Terminal 'A', Toronto, Ontario, M5W 1E6. Tel: 925-3311, Ext. 4676**

THIS IS A SPECIAL PROGRAM UNDER SECTION 15 OF THE CANADIAN HUMAN RIGHTS ACT, DESIGNED WITH THE COOPERATION AND ASSISTANCE OF MULTICULTURALISM CANADA.

DEPARTMENT OF THE CITY CLERK
CITY HALL
TORONTO M5H 2N2

گاربیج

"ٹورانٹو ری سائکلنگ ایکشن کمیٹی" کی جانب سے مشتہر کیا جاتا ہے کہ "سِوک ڈے" کی چھٹی کی وجہ سے ۳ اگست بروز بدھ کو گھروں کے سامنے سے "ردی اخبارات" نہیں اٹھائے جائیں گے اخبارات کو اٹھانے کا کام ۳ اگست کی بجائے ۱۰ اگست بدھوار کو کیا جائے گا۔ ردی اخبارات کے تمام بنڈل صبح سات بجے سڑک کے کنارے پر موجود ہونے چاہئیں۔ اپنے بنڈل میں چمکدار اور دیگر غیر معمولی اقسام کے کاغذات شامل نہ کیجئے۔ بنڈل تیار رکھئے لیکن ۱۰ اگست تک گھر میں ہی محفوظ کیجئے۔ شکریہ

بھارت اور پاکستان کو ایک دوسرے سے نہیں بلکہ باہر سے خطرہ ہے: اٹل بہاری واجپئی

دونوں ملکوں کے عوام کو جارحیت کے مخالف نے کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ بی بی سی کو انٹرویو

مسئلہ افغانستان پر اندرا حکومت روس کی وکالت نہ کرے

لندن ــــ [illegible]

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورنٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ
سنو جو لوگ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا ۔ (القرآن)

صدمہ انگیز خبر

سی آئی اے پولیس نے مقامی مجسٹریٹ کی نگرانی میں لاہور میں اُمراء کے علاقے گلبرگ میں علماء اکیڈمی کے ڈائریکٹر کے بنگلے پر چھاپہ مار کر جوئے کے اڈے کا خاتمہ کر دیا اور چھاپے کے دوران ۱۶ افراد کو گرفتار کیا جو وہاں جوا کھیل رہے تھے۔ نیز پولیس نے داؤ پر لگی ہوئی ۴۸ ہزار کی رقم کے علاوہ تین کاریں اور ایک اسکوٹر بھی اپنے قبضے میں لے لیں۔ دراصل پولیس کو یہ اطلاع ملی تھی کہ گلبرگ کے حسین چوک کے نزدیک ایک بنگلے میں جوا خانہ چل رہا ہے جس میں صرف داخلے کی فیس سو روپے فی جواری وصول کی جاتی ہے۔ یہ بنگلہ سابق ایڈیشنل جج چوہدری نثار احمد کا ہے جو اب علماء اکیڈمی کے ڈائریکٹر کے منصب پر بطور افسر بکار خاص کام کر رہے ہیں۔

علماء اکیڈمی کا ڈائریکٹر اور جوا خانہ چلائے اس صدمہ انگیز خبر نے ایک دھماکے کی سی صورت پیدا کر دی اور اس سے ایک بار پھر یہ واضح ہو گیا ہے کہ حکومت اسلامی نظام کے سلسلے میں جو کام کر رہی ہے وہ کیسا ساقط الاعتبار اور نمائشی ہے جب علماء اکیڈمی کے نام کے سلسلے میں حکومت کی جانچ پرکھ کا معیار یہ ہے کہ ایک قمار باز کو اس منصب پر مقرر کر دیا گیا تو زکوٰۃ، عشر، حدود اور دیگر اسلامی اقدامات کی روبہ کاری کے لیے افراد کا انتخاب کیسا ہوگا؟ یہ سوال اب ہر شہری کے ذہن میں سرگرداں ہے۔

شرمناک!

کسان بورڈ ضلع لاہور کے صدر سردار محمد چوہدری نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ بہاریوں کے لٹے پٹے قافلے جب پاکستان کی سرحد میں آتے ہیں تو ان کے ساتھ اتنا اہانت آمیز سلوک ہوتا ہے کہ ندامت سے سر جھک جاتے ہیں۔ غنڈہ عناصر ان قافلوں میں سے نوجوان عورتوں کو اغوا کر کے لے جاتے ہیں یا پولیس کے اہلکار یہی کام کرتے ہیں۔ بوڑھوں، بوڑھی عورتوں اور مردوں کو جیل بھیج دیا جاتا ہے۔

کسان بورڈ کے صدر نے اپنے بیان میں جو انکشافات کئے ہیں وہ انتہائی اذیت ناک اور شرمناک ہیں۔ غنڈہ عناصر اور بدکردار سرکاری اہلکار تو جو کرتے ہیں سو کرتے ہیں اس سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ سرکاری طور پر ان جرائم اور مجرمانہ حرکتوں کا کوئی نوٹس نہیں لیا جا رہا۔ جس بات کو ضلع لاہور کے کسان بورڈ کے صدر نے کھلے طور پر بیان کر دیا کیا یہ بات حکومت کی اطلاع رسانی کی بڑی تجارتی ایجنسیوں کے ذریعے اعلیٰ حکام کے علم میں نہیں آئی ہوگی۔ یقیناً یہ واقعات اعلیٰ ترین سطح پر علم و اطلاع میں ہونگے مگر اس کے باوجود غنڈہ اور بدکردار عناصر کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہونا معنیٰ خیز ہے۔

جو حکومت اسلام کی علمبردار ہونے کی مدعی ہو اس کے طرز عمل میں اس قسم کے رخنے اور جھول ناقابل توجیہہ ہیں۔ چادر اور چہار دیواری کے تحفظ کے دعوے آخر کہاں گئے کہ جب بے سہارا اور نادار افراد کے قافلوں کی عزتیں سرِ راہ لٹ جائیں کیا صدر ریاست کے مددگاروں کو ایسی خبریں سننے اور پڑھنے کی فرصت میسر نہیں آتی ۔۔۔۔ ؟ غضب الٰہی کا کوئی خوف حکمرانوں میں باقی ہے تو وہ ایسی خبروں کا نوٹس لیں اور اپنی قانونی، اخلاقی اور منصبی ذمہ داری پوری کریں۔

المناک!

ضلع لاہور کے کسان بورڈ کے صدر کے سے انکشاف کی طرح ایک انکشاف پاکستان عورت کار ایسوسی ایشن کے بانی صدر محمد علی نے گورنر سندھ، کمشنر حیدرآباد ڈویژن، ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ اور مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر سیکٹر نمبر ۷ کی توجہ مبذول کراتے ہوئے یہ کیا ہے کہ ضلع ٹھٹھہ میں خصوصاً اور اندرون سندھ عموماً غریب ہاریوں کی جوان جو بیٹیوں کو وڈیروں کے غنڈے اور بیرونی افراد اغوا کر لے جاتے ہیں اور غریب ہاریوں کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی کیونکہ یہ غربت کے مارے اس قابل نہیں کہ وکلاء کی بھاری فیسیں ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایسی متعدد مثالیں ہیں طلاق یا خلع کے بغیر لڑکیاں اغوا کر لی گئیں اور ملزم دندناتے پھرتے ہیں۔ بغیر نکاح کے جبراً لڑکیاں گھروں میں ڈال رکھی جا رہی ہیں۔ غیر شرعی اور غیر قانونی تعلق کے نتیجے میں ناجائز بچے پیدا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا اگر حکومت کوئی کمیشن بٹھائے تو ہم ایسے معاملات کی نشاندہی رضاکارانہ طور پر کرنے کو تیار ہیں۔

جس ملک میں اسلامی تعزیرات نافذ کر کے زناکاری اور حرام کاری کے راستے مسدود کر دینے کے دعوے کئے جا رہے ہوں جہاں نظام عدل کو مشرف بہ اسلام کر کے انصاف کو غریب آدمی کے لیے قابل حصول بنا دینے کے دعوے ہو رہے ہوں وہاں غریب ہاریوں کی بہو بیٹیوں کی عزتیں لٹ رہی ہوں اور وہاں ہاری وکلاء کی بھاری فیسوں کے خوف سے داد رسی کی کوشش بھی ترک کر بیٹھیں۔ یہ کیسا اندھیر کیسا ظلم ہے۔ اسلام کی تعزیرات کی حد سے اگر ڈر رہیں اور نہ غنڈہ عناصر کو تحفظ اور راستے تشا حاصل رہے اور اسلام کا نظام عدل اگر غریب ہاریوں کے ہاتھوں سے مجبوری کے بندھن نہ کھول سکے تو اس کا مطلب آخر اس کے سوا کیا اخذ کیا جائے کہ نفاذ اسلام محض استحصالی اور ظالمانہ نظام کے استقرار کا ایک ذریعہ اور حیلہ ہے۔ اسلام کے ساتھ یہ ظلم اسلام نافذ کرنے کے دعوے کی بنیاد پر ہو تو کیسا غضب ہے۔

چند روزہ زندگی

القرآن

جو کچھ بھی تم لوگوں کو دیا گیا ہے وہ محض دنیا کی چند روزہ زندگی کا سروسامان ہے اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ بہتر بھی ہے اور پائیدار بھی ہے۔ وہ ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور اگر غصہ آ جائے تو درگزر کرتے ہیں جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں۔ (الشوریٰ ۳۶، ۳۸)

دل میں جہاد کا شوق نہ رکھنا منافقت ہے

الحدیث

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص جس نے نہ غزا (جہاد) کی اور نہ ہی اپنے دل میں غزا کا خیال کیا ہو؟ جب وہ مر جائے گا تو اس کی موت منافقت ہی کی ایک شاخ ہوگی۔ (یعنی کم سے کم دل میں جہاد کا شوق نہ رکھنا منافقت ہے)

(مسلم)

یومِ آزادی

آج چودہ اگست ہے۔ یہ تاریخ ہر سال میں آجاتی ہے۔ سو سال میں یہ تاریخ سو دفعہ ہر کسی کو یاد دلانے ... [illegible] ... ہم نے ایک علیحدہ ملک حاصل کیا اور ہم نے خود کو ایک آزاد قوم محسوس کیا۔ ... [illegible] ... ہو گئے ہیں لیکن ۔

منزل کے لیے دو گام چلے نہ راہبر جہاں
میرا قیاس ہے کر چلے تھے جہاں سے ہم

... [illegible] ...

ہم منزل پہ پہنچا کوئی آسمان دھوکا
ہم تو منزل سے گزرے تو یہاں تک پہنچے

... [illegible] ...

یہ سب الجھنیں ناقدرے کے باوجود بہرحال یہ آزاد ... [illegible] ...

یہ جیب لوگ وہ تماشے
جو نہ رکے تھے نہ جھکے سکے
جو سجا کے چلے گئے
جو وطن سجا کے چلے گئے

ہمیں یاد ہیں، ہمیں یاد ہیں

... [illegible] ...

زندہ تحریریں

اقتدار کے بغیر

اسلام عیسائیت کی طرح چند عقائد و رسوم کا نام نہیں، وہ زندگی کا نظام ہے وہ زمانے کی فضا، طبیعت بشری کا مذاق اور سوسائٹی کا رنگ بدلنا چاہتا ہے وہ عقائد کے ساتھ ساتھ اخلاق و معاشرت، زندگی کے مقصد و معیار، نظریہ نظر اور انسانی ذہنیت کو بھی اپنے قالب میں ڈھالنا چاہتا ہے یہ اس وقت ہو سکتا ہے جبکہ اس کو مادی و سیاسی اقتدار حاصل ہو صرف اسی کو قانون سازی اور تنقید کا حق ہو اور اس کے صحیح نمونہ دنیا کے سامنے ہوں۔

ایک نہایت ہی اہم بات یہ ہے کہ اقتدار کے بغیر شریعت پر پورا عمل بھی نہیں ہو سکتا۔ اسلام کے نظام عمل کا ایک مستقل حصہ ایسا ہے جو حکومت پر موقوف ہے حکومت کے بغیر قرآن مجید کا ایک بڑا حصہ ناقابل عمل رہ جاتا ہے۔ خود اسلام کی حفاظت بھی قوت کے بغیر ممکن نہیں ... [illegible] ... اسی لئے قرآن طاقت و قوت کے حصول پر زور دیتا ہے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اسلام میں جس قدر اہم فریضہ ہے وہ اس سے ظاہر ہے کہ امت کی بعثت کا مقصد یہی بتایا گیا ہے۔

تم بہترین قوم ہو جو لوگوں کے لئے ظاہر کی گئی ہے، تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔ اور مومنین کے صفات میں بھی یہی فرض قرار دیا گیا ہے۔ تم میں ایک ایسی جماعت رہنی چاہیے جو بھلائی کی طرف دعوت دیتی رہے، نیکی کا حکم کرتی رہے اور برائی سے روکتی رہے۔

یاد رہے کہ اس کے لئے امر (حکم) اور نہی (ممانعت) کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، اہل علم جانتے ہیں کہ امر و نہی کے لفظ میں اقتدار اور تحکم کی شان ہے۔ یہ نہیں فرمایا کہ وہ بھلائی اختیار کرنے کے لئے درخواست یا خوشامد کریں گے، پس امر و نہی کے لئے سیاسی اقتدار اور مادی قوت کی ضرورت ہے اور امت کا فرض ہے کہ وہ اس کا انتظام کرے۔ ... [illegible] ... قوت و اختیار کی ضرورت ہے زبان سے روکنے کے لئے بھی کچھ قوت و آزادی کی ضرورت ہے اگر یہ بھی نہیں تو صرف دل سے برا سمجھنے پر قناعت کرنی پڑے گی جو ایمان کا آخری درجہ ہے اور جس کے بعد بعض روایات کے مطابق ایک ذرہ برابر بھی ایمان نہیں رہ جاتا۔

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

Call of the wild

بطور پس منظر کے ساتھ خوبصورت تصاویر کی البم کے لئے لکھئے یا فون کیجئے ۔

Ontario Provincial Parks

Ministry of Natural Resources — Alan Pope, Minister — William Davis, Premier

Ontario

For more information, call:

965-4008

خواتین

جیتی جاگتی زندگی — جو کسی طرح آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

مجھے اپنے بچوں سے پیار نہیں

تین سال قبل میری شادی ہوئی۔ اس دوران میرے ہاں دو بچے ہوئے۔ یہاں میں یہ اقرار کرتی ہوں کہ مجھے بچپن سے ہی چھوٹے بچوں سے کوئی دلچسپی نہیں تھی لیکن میں نے یہ سوچ رکھا تھا کہ جب اپنے بچے ہو جائیں تو خود بخود پیار ہونے لگے گا۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ میں اپنے دونوں بچوں کا ہر طرح خیال رکھتی ہوں۔ ان کی کوئی تکلیف اور رونا مجھ سے برداشت نہیں ہوتا۔ انہیں صاف ستھرا رکھتی ہوں، وقت پر کھانا دیتی ہوں لیکن مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے میں کوئی مشین ہوں جو ہر وقت بچوں کے کاموں میں مصروف رہتی ہوں۔

گھر میں ہم دونوں میاں بیوی کے علاوہ میرے سسر اور نند بھی رہتے ہیں۔ چھوٹا بچہ دادا سے بہت مانوس ہے جب میری نند شام کو کام سے لوٹتی ہے تو بڑے بچے کی دیکھ بھال کرلیتی ہے اور میں کھانا وغیرہ بنا لیتی ہوں۔ لیکن مجھے کبھی آرام سے سونا نصیب نہیں ہوا جب سے بڑا بیٹا پیدا ہوا ہے۔ میں چند گھنٹے مسلسل نہیں سو سکی۔ ان حالات کی بنا پر میرے شدید چڑچڑی ہو گئی ہوں، ہر وقت بچوں پر چلاتی ہوں۔ حالانکہ شادی سے پہلے میں بہت کم گو اور خاموش طبع تھی۔

جب میں اپنے شوہر سے کہتی ہوں کہ مجھے اپنے بچوں سے پیار نہیں ہے تو وہ میرا مذاق اڑاتے ہیں۔ ایک دفعہ تنگ آ کر میں نے یہ بھی کہہ دیا تھا کہ بچوں کو کسی چائلڈ کیئر میں دے دیں۔ کیا واقعی میں نارمل نہیں ہوں۔ مجھے اپنی اس سرد مہری کا بہت رنج ہے۔ (ر۔ ج۔ ر)

بچپن یا اوائل جوانی میں آپ کا جن بچوں سے سابقہ پڑا ان کے ساتھ آپ کا کوئی جذباتی تعلق نہیں تھا۔ آپ ان کی بدتمیزیوں اور شرارتوں پر الجھ جاتی تھیں۔ ممکن ہے کسی عزیز کے بچے نے آپ کے کمرے میں اکھاڑ پچھاڑ کر دی ہو یا آپ کے ڈریسنگ ٹیبل پر رکھی ہوئی میک اپ کی شیشیاں توڑ دی ہوں، صوفے پر کریم کی لیپ کر دی ہو۔ پھر آپ کو یقین ہوگیا کہ یہ بچے مجھ لوگوں کے قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں، ان سے دوستی نہیں ہو سکتی۔

آپ نے لکھا ہے کہ آپ بچپن سے ہی کم گو تھیں۔ ایسے لوگ اپنی پسند ناپسند کا اظہار کرنے سے جھجکتے ہیں۔ کیا خوبصورت شے کو دیکھ کر جھوٹ سے یہ نہیں کہتے کہ ”اف یہ کتنی پیاری ہے“ لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ ان کی جمالیاتی حس معدوم ہے بلکہ وہ ہر شے کو دیکھ کر خاموش رہ جانے کے عادی ہوتے ہیں۔

یقین کریں آپ کو اپنے بچوں سے پیار ہے۔ آپ کے لئے ان میں اور اب تک ملنے والے بچوں میں بہت فرق ہے۔ لیکن انہوں نے اتنا موقع ہی نہیں دیا کہ آپ ان کے لئے اپنے دل میں ممتا کو محسوس کرسکیں۔ یہ سب دونوں بچوں کی پیدائش کے قلیل وقفے کی وجہ سے ہوا ہے۔ بہرحال کچھ عرصہ تحمل سے کام لیں۔ یہ بچے بڑے ہو کر اسکول جانے لگیں گے تو سکون پانے کی خواہش پوری ہو جائے گی۔

یہ اچانک تبدیلی کیوں

میری شادی کو دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے میرے تین بچے ہیں۔ چند ماہ قبل تک ہم خوش باش زندگی گزار رہے تھے۔ ہمارا گھرانہ آئیڈیل تصور کیا جاتا تھا میرے شوہر شام کو گھر آتے ہی میرا ہاتھ بٹا لیتے۔ جب بچے چھوٹے تھے ان کا فیڈر وغیرہ بناتے رہتے ہوئے ان کے ساتھ بیٹھ کر کھیلنا۔ انہیں پارک میں سیر کو لے جانا چھٹی کے روز پکنگ کرنا وغیرہ۔

لیکن اب اچانک میرے شوہر بدل گئے ہیں۔ چند روز تک تو میں خاموش رہی، پوچھا تو کہنے لگے کہ فرم میں کام بڑھ گیا ہے۔ میں نے یقین کر لیا۔ لیکن میں ایک ایسی عورت کو جانتی ہوں جو اسی فرم میں کام کرتی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ آج کل کاروبار بہت مندا ہے بلکہ اس نے یہ بھی کہا کہ کام کی کمی کی وجہ سے کچھ لوگوں کو نکال دیا گیا ہے۔

میرے شوہر بے حد شریف اور وفا شعار ہیں لیکن ان کی موجودہ روش سے میں شک و شبہات میں مبتلا ہو گئی ہوں۔ کیا میں اس معاملے کی تحقیق کروں۔ مجھے معلوم ہے اگر میں نے اپنے شوہر سے پوچھا تو وہ صاف مکر جائیں گے۔ ایسی بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ (ف۔ ن)

کیا آپ نے اپنے شوہر اور اپنے درمیان رابطہ اور بلاغ کی تاریں ابھی سے کاٹ دی ہیں۔ آپ کی یہ مشکل محسوس ہو رہا ہے کہ آپ ان تک رسائی حاصل کر کے دیر سے گھر آنے کی وجہ نرمی اور تحمل سے معلوم کرسکیں۔ ایک شخص قریب بیٹھا ہو۔ وہ ذہنی اور قلبی طور پر قریب ہو تو اس سے بات کرنا مشکل نہیں ہوتا۔

اب خدا جانے آپ نے اپنے شوہر کی شریک کار عورت سے کیا پوچھنا چاہا تھا اور اس نے کیا بتایا۔ اس نے کہا تھا کہ ”کاروبار مندا ہے“ یقیناً ایسا ہی ہوگا۔ فرم کے فالتو ملازمین کو نکالا بھی گیا ہوگا۔ اس لئے دیگر لوگوں کو پہلے سے زیادہ محنت کرنی پڑتی ہوگی۔

ہم جس طرح چاہیں اپنی سوچ کو رنگ سکتے ہیں۔ ایک سوچ یہ ہے کہ آپ کے شوہر کام کے بعد کسی دوسری عورت کے ساتھ وقت گزارتے ہیں۔ لیکن اس کی مثبت صورت یہ کہ وہ اس فرم کے دگرگوں حالات دیکھ کر اپنے لئے بہتر ملازمت کے متلاشی ہوں۔ یا کہیں پارٹ ٹائم کام کر رہے ہیں۔ وہ آپ کو پریشانی سے بچانے کے لئے منہ سے کچھ نہیں کہتے۔ بہرحال دخود کو جھوٹے ہوائے دیں۔ (ر۔ ش)

نفسیات کی لپیٹ میں آ گئیں۔ کسی اور طریقے سے تحقیق و تفتیش کرنا مناسب نہیں یہ بات آپ کے شوہر کو دکھی کرے گی۔ بلکہ انہیں ایسا موقع دیں ایسی سچولیشن پیدا کریں کہ وہ خود ہی دل کی بات کہہ دیں۔

بہن کا پیار

میرا تعلق ایک خوشحال گھرانے سے ہے۔ ہم دو بہنیں اور ایک بھائی ہیں شکل و صورت میں میری چھوٹی بہن مجھ سے بہتر ہے اس کا رنگ گورا اور آنکھیں بڑی بڑی ہیں جبکہ میری رنگت گندمی ہے وہ مجھ سے قد کو تاہ بھی ہے۔ لیکن جسم سڈول ہے جب کہ میں دبلی پتلی ہوں۔ ہم دونوں بہنوں میں بہت پیار ہے۔ لیکن مجھے اس کی ایک بات اچھی نہیں لگتی کہ جب اسے کسی پارٹی وغیرہ میں جانا ہوتا ہے تو وہ میرے کپڑے اور جوتے پہن کر جاتی ہے۔ ہم دونوں کے جوتے کا سائز ایک ہے لیکن اس کے پاؤں موٹے ہیں جس سے میرے جوتے کھل جاتے ہیں۔ ہم دونوں کو ایک جیسا جیب خرچ ملتا ہے میں کپڑے وغیرہ بنوا لیتی ہوں اور وہ اپنی رقم کتابیں رسالے خریدنے اور سہیلیوں کو گفٹ شاپ پر کھلانے میں صرف کر دیتی ہے جب میں اس سے شکایت کرتی ہوں تو کہتی ہیں میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔ تم لوگ اپنے معاملات...

یورپی عورت کی مظلومی

آج یورپ کے معاشرہ جہالت کی جو بیکن، سنگدلی اور محسن کشی سے عبارت ہے پیش نظر رکھا جائے تو عورت کے ساتھ اس کے اس سلوک کی علت کو سمجھنا دشوار نہیں رہتا اس نے کبھی انسان کو بحیثیت انسان عزت و احترام نہیں دیا اور نہ اس کے اصول کبھی کسی کا بھلا رہا ہے بلکہ جیسا کہ اس کا ماضی گواہ ہے۔ اس نے ہر موقع پر دوسروں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے، بشرطیکہ اس کے نتیجے میں خود اس کو کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہ ہو۔ یورپ کے اس مزاج میں مستقبل میں بھی کسی تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ البتہ اگر خداوند تعالیٰ اس پر رحم کرے کہ اس کو صحیح راہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کو روحانی پاکیزگی سے نوازے تو البتہ بہتری کی امید پیدا ہو سکتی ہے۔ بہرحال جس دور کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس میں کمزور بچوں اور عورتوں کو ظالم کارخانہ داروں نے بے تحاشا اپنے مظالم اور بے انصافیوں کا تختہ مشق بنایا۔ آبادی کے ان کمزور طبقوں پر اس ظلم و بے انصافی کو بعض باضمیر افراد زیادہ دیر تک برداشت نہ کر سکے چنانچہ انہوں نے اسکے خلاف آواز بلند کی۔ مگر عورت اب بھی مظلوم تھی کوئی اس کے حق میں آواز بلند کرنے والا نہ تھا اور نہ کسی کو اس کے حقوق کے تحفظ کی کوئی فکر تھی کیونکہ اس کیلئے جس ذہنی پاکیزگی اور اخلاقی بلندی کی ضرورت ہے یورپ اس سے محروم ہے...

محمد قطب

خورشید ... ب۔ الف

لمحہ

تابندہ اسلم

ہاں اور ناں کے بیچ کا لمحہ
کتنا تکلیف دہ کتنا کٹھن ہے
جس پہ بیتے وہی جانے
یہ ایک لمحہ
تو صدیوں پہ محیط ہے
کبھی کبھی اسی ایک لمحے پہ
زندگی کا دارومدار ہوتا ہے
کون جانے زندگی بگڑ جائے
یا سنور جائے
سہارا مل جائے
یا کوئی بے سہارا ہو جائے

مجھے سیاسی دنیا کی خبریں اچھی لگتی ہیں

سابق صدر ایوب خان کی بیوہ بیگم ایوب خان کا پہلا انٹرویو



انہیں سقوط ڈھاکہ کا شدید صدمہ پہنچا

ایوب خان کے آخری لمحات

بڑے ملک کو اپنی بیٹی کی طرح پہچانتے تھے

جدہ ۔ راولپنڈی ۔ لاہور ۔ لندن ۔ بمبئی ۔ دہلی ۔ ڈھاکہ

ٹکٹ اور دوسری معلومات کیلئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET
TORONTO, ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8348 / 960-8475

ادب و ثقافت

سخن در سخن

خامہ بگوش کے قلم سے

کچھ معاصر کالم نگاروں اور شمشیر زن نقادوں کے بارے میں

لاٹھی چارج بیچنے والے ہم پولیس والے کرتے تھے اب یہ کام اخباروں کے ادبی صفحات کے بعض کالم نگار کرتے ہیں۔ [illegible]

ہمارے نقادوں میں سے شمشیر زنی کا کام صرف دو افراد نے کیا ہے۔ ایک کلیم الدین احمد اور دوسرے شمیم احمد۔ [illegible]

[illegible]

۱۴ اگست اور پاکستانی ادب

ممتاز شاعر، نقاد اور دانشور

سلیم احمد

سے ایک خاص گفتگو

حسن وقار گل: ۱۴ اگست کی ہمارے ادب میں کیا اہمیت ہے؟

جناب سلیم احمد: آپ نے سوال کیا ہے کہ ۱۴ اگست کی ادبی حیثیت کیا ہے یا ہمارے ادیب اس کی کیا اہمیت سمجھتے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

حسن وقار گل: کیا اسلامی ادب اور پاکستانی ادب کے عام فروغ اور عام مقبولیت کے امکانات ہیں؟ [illegible]

[illegible]

> بھارت تخلیق کے اعتبار سے پاکستان سے بہت پیچھے ہے

> ادیب اگر اس جذبے کو محسوس کرلے تو بہت بڑا ادب تخلیق ہو سکتا ہے

[illegible]

غزل

دشت و دریا سے گزرنا ہو کہ گھر میں رہنا
اب تو ہر حال میں ہے ہم کو سفر میں رہنا

شہر غم دیکھ تیری آب و ہوا خشک نہ ہو
اس کو محبوب ہوا دیدۂ تر میں رہنا

فیصلے سارے اسی کے ہیں ہماری بابت
اختیار اپنا بس اتنا کہ خبر میں رہنا

کوئی خاطر نہ مدارات نہ تقریب وصال
ہم تو بس چاہتے ہیں اس کی نظر میں رہنا

رات بھر چاند میں دیکھا کریں اس کی صورت
صبح کو اور ہی سودا ہے کہ سر میں رہنا

میں تو ہر چہرے میں اب تک وہی چہرہ دیکھوں
اس کو ہر لحظہ تماشائے دگر میں رہنا

ٹوٹنا یوں تو مقدر ہے مگر کچھ لمحے
پھول کی طرح میسر ہو شجر میں رہنا

ہر ملاقات کے بعد اجنبیت اور بڑھی
اس کو آئینے، ہمیں زعم ہنر میں رہنا

طائر جاں کے گزرنے سے بڑا سانحہ ہے
شوق پرواز کا ٹوٹے ہوئے پر میں رہنا

پروین شاکر

عدم جارحیت کے پاک بھارت معاہدے کے تحت دونوں ملک بڑی طاقتوں کو اڈے نہیں دینگے

ہم پہلے دوستی کا معاہدہ نہیں کریں گے۔ ستمبر میں صدر ضیاء اور وزیر اعظم اندرا گاندھی کی ملاقات کا امکان ہے —— بھارتی سفیر شرما کا انٹرویو

مسئلہ کشمیر معاہدہ شملہ کے تحت حل کیا جائے

اسلام آباد —— (خصوصی رپورٹ) پاکستان میں مقیم بھارت کے سفیر کے ڈی شرما نے کہا ہے کہ پاک بھارت معاہدہ عدم جارحیت میں یہ بات بھی شامل ہو گی کہ دونوں ممالک کسی سپر پاور کو فوجی اڈے مہیا نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے روزنامہ "جنگ" کے ہفت روزہ "میگ" کے ارشاد احمد حقانی اور زبیدہ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔

آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ مسلمانوں کے ساتھ نماز پڑھیں گے

سیاسی مخالفین کو اذیت دینے کے لئے فوج کے نام ہدایت نامہ

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے انڈونیشیا سے ملنے والی دستاویز کا انکشاف کر دیا

لندن —— (رائٹر) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے انکشاف کیا ہے کہ مشرقی تیمور میں انڈونیشیا کے فوجیوں کو مقامی تحریک آزادی کے کارکنوں پر تشدد کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے ... ایمنسٹی انٹرنیشنل کا کہنا ہے کہ اسے مشرقی تیمور میں انڈونیشیا کی فوج کی ...

بہت نکلے میرے ارمان مگر لوپھر بھی کم نکلے

کپتان بننے کی خواہش شاید ہی پوری ہو سکے: ظہیر

لندن —— ... پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ... ظہیر عباس ...

پاکستان اور بھارت کے درمیان اس سال ہاکی سیریز نہیں ہوگی

نئی دہلی —— بھارت اور پاکستان کے درمیان اس سال ہاکی ٹیموں کی کوئی سیریز نہیں ہو گی ...



تعلقات بہتر بنانے کیلئے صدر ضیاء کی طرف سے اندرا گاندھی کی کوششوں کی تائید

نئی دہلی —— پاکستان کے صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے پاکستان اور بھارت کے تعلقات بہتر بنانے کے سلسلے میں مسز گاندھی کی کوششوں کی تائید کی ہے ...

عوام ٹیکس اور ریٹس ادا نہ کریں، ایم آر ڈی کی اپیل

سیاسی ڈھانچہ بنانے والوں کے خلاف ۱۹۷۳ء کے آئین کی دفعہ ۶ کے تحت کارروائی کی جائے گی

کراچی —— ایم آر ڈی کی مرکزی کمیٹی نے پاکستان کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ چودہ اگست کو جلسے کریں اور احتجاجی مظاہرے کریں ... ۱۹۷۳ء کے آئین اور جمہوریت کی بحالی کے لئے عدم تعاون کی تحریک کا آغاز کریں ...

شریف پیرزادہ کا نام واپس لے لیا جائے گا

لاہور —— باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ...

کلائیو لائیڈ بدستور کپتان رہیں گے

کنگسٹن —— (رائٹر) ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے کپتان کلائیو لائیڈ ...

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

کنگ ایڈورڈ کالج لاہور سے ایم بی بی ایس کی ڈگری کے حامل معزز پنجابی خاندان کے خوبصورت، دراز قد و شریف ڈاکٹر جو ہاؤس جاب کی تکمیل کے بعد ستمبر میں سپیشلائزیشن کے لئے امریکہ یا کینیڈا میں آمد کے خواہشمند ہیں کیلئے خوبصورت متناسب قد اور مشرقی اقدار کی حامل لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ مزید معلومات کے لئے لڑکے کے بھائی مقیم ٹورانٹو سے رابطہ کیجئے۔

Sardar Muhammad
P.O. Box 770 Stn. 'P'
TORONTO,
Tel: (416) 429-0844

قرآنی تعلیمات

مرکز الدعوۃ الاسلامیہ نے مسساگا اور قرب و جوار کے رہنے والے لوگوں کی سہولت کے لئے Missisauga Valley Community Centre میں نماز جمعہ کا بندوبست کیا ہے تفسیر القرآن و دینی موضوعات پر گفتگو کا سلسلہ Burnhamthorpe Community Centre 1500 Gulleden Drive MISSISSAUGA میں منتقل ہو گیا ہے۔ نماز جمعہ اوقات ساڑھے بارہ بجے اور تفسیر القرآن ہر اتوار کو چھ تا نو بجے رات ہیں۔ مزید معلومات کے لئے اس نمبر پر رابطہ قائم کریں۔

275-5047 275-8173

ویڈیو فلمز

VCR Movie Rental
110-220 Portable Radios
• Cassettes • Audio/Video Accessories, Gifts

ہندوستانی و پاکستانی ویڈیو فلمز خریدنے یا کرایہ پر حاصل کرنے کے لئے ہم سے رجوع فرمائیں۔

SHIBLEE CANADA
Letter Press/Off Set Printing
Photocopy
Ask us about Labels & Tags
Try us for
• Courteous Service • Satisfaction • Guaranteed
Mon - Sat 10am-6pm
988 Danforth Ave (At Donlands)
Toronto, Ont. M4J 1L9
(416) 465-9726

سلسلۂ ہدایت



اسکاربرو کی ثریا شہاب جنہوں نے اپنے استاد محترم جناب قاضی امین بخش کی زیر نگرانی قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔

****

ایمیلی کار پبلک سکول اسکاربرو میں شام کی کلاس میں قرآن پاک کی تعلیم دی جاتی ہے۔ موسم گرما میں صبح اور شام کی کلاسوں کے ذریعے اپنے بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دلوانے کے لئے جناب قاضی امین بخش سے (416) 282-6803 پر رابطہ قائم کریں۔

When Buying or Selling
REAL ESTATE
Call the Professionals, at
Eastern United Realty Inc.



Younus M. Khan
Real Estate Broker

We offer complete Real Estate services, Specializing in ....
- Residential & Commercial properties
- Mortgages arranged/bought and sold
- Management for absentee owner
- Free Market Evaluation of your present home at no obligation

We speak your language. Call now for a convenient appointment.

Eastern United Realty Inc.
1814A Eglinton Avenue East #208
(Golden Mile Plaza at Victoria Park)
Scarborough, Ontario M1L 2L2
Tel: Bus: (416) 752-5503 Res: 422-5646

New Store in SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت۔ تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN
2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

مشرقی پنجاب میں سکھوں نے ڈی آئی جی سمیت ۵ پولیس والوں کو قتل کر دیا

کپورتھلہ کے قریب پولیس چوکی پر حملہ؛ اسلحہ لوٹ لیا گیا

ڈی آئی جی آنند مائیکا گاندھی کے چچا تھے؛ ۱۳ افراد گرفتار

[illegible]

نظام دکن کے جواہرات کی فروخت

[illegible]

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات ستمبر کے آخری ہفتہ میں ہوں گے

ووٹ دینے کے لئے قومی شناختی کارڈ دکھانا لازم ہو گا، صوبائی کابینہ کا فیصلہ

[illegible]

بھارتی سفارت خانے کے منسٹر کی حیدر فاروق مودودی سے ملاقات

[illegible]

مسز گاندھی کو نوبل انعام دلوانے کے لیے کوششیں شروع ہو گئیں

[illegible]

مزاری کو ۲۴ جولائی تک متعلقہ کاغذات پیش کرنے کی ہدایت، مزاری کو ملتان جیل منتقل کر دیا

[illegible]



سردار شیر باز مزاری کو عابدہ ہیری کی رہائش گاہ سے گرفتار کر کے لے جایا جا رہا ہے۔

تحریک اسلامی ۱۴ اگست کے اعلان کے بعد اپنا پروگرام طے کرے گی۔ میاں طفیل محمد

قوم کا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے، صدر ضیاء الحق انتخابات کرانے میں مسلسل ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں

ایم آر ڈی کا مقصد گڑبڑ پیدا کر کے غیر ملکی حکمرانوں کو دعوت دینا ہے

دستور میں بھٹو حکومت کی شامل کردہ ۵ آئینی ترامیم بھی ختم ہونی چاہئیں

[illegible]

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دوکان

AFRO ASIAN
918 PAPE AVENUE
TORONTO
PHONE: 463-1287

IT'S HERE

IT'S HERE

HALAL SAUSAGES

HALAL SAUSAGES
Famous Minaret Brand
Franks (Hot Dogs) and Bologna
Are now available
in Halal Meat stores
Very Soon
I.P.F. CANADA (Islamic Way Processed Foods)
will introduce
HALAL POLISH SAUSAGE
HALAL SALAMI
& BEEF KNOCKWURST

Minaret Brand products are certified by the Islamic Food & Nutrition Council of America, and are made from meat slaughtered by Muslims

I.P.F. CANADA
293-2244
Available at all HALAL MEAT stores

• حلال گوشت • حلال مرغیاں

اور تازہ ترین سبزیاں ہر روز حاصل کر سکتے ہیں

الفلاح

ALFALAH GROCER
2783 Dundas St. West
Toronto, Tel. 762-1633

fortnightly
al-Hilal
Vol.12 No.10 50 ¢
August 10, 1983
Phone: (416) 474 9292

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Director: M. Lateef Owaisi

بھارتی صوبہ آسام میں ہزاروں مسلمان بچے یتیم ہو گئے

صرف پانچ سو یتیم بچوں کی نگہداشت سرکاری اخراجات سے ہوگی

ساڑھے تین لاکھ افراد کیمپوں میں پڑے امداد کے طالب ہیں

۲۵ ہزار مکانات کو دوبارہ تعمیر کرنا پڑے گا

[illegible]

میزائل لانے والوں کی تلاش

[illegible]

طرزِ حکومت۔ تین کمیٹیوں کی آراء، ایک نظر میں

[illegible]

۱۹۸۱ء میں اغوا ہونے والے طیارے کے عملے اور مسافروں کیلئے انعامات

دس دس ہزار روپے نقد اور سرٹیفکیٹ صدر ضیاء کے حکم پر دیئے گئے ہیں

[illegible]

قاری طیب انتقال کر گئے

[illegible]

کینیڈا میں نماز جمعہ کے لئے وقفہ کی مہم

[illegible]

امتیازی سلوک ہوا تو پاکستان ایٹمی سمجھوتے پر دستخط نہیں کرے گا: صدر ضیاء الحق

[illegible]

ایم آر ڈی نے بلدیاتی انتخابات کا بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ کر دیا

مجوزہ انتخابات مروجہ حکومت کو طول دینے کے لیے کرائے جا رہے ہیں

[illegible]

چودہ اگست کا اعلان قوم کے لیے بہتر خبر ہو گی: میاں طفیل

[illegible]

سعودی عرب ایرانی حاجیوں کی راہ روکنے کی کوشش کر رہا ہے!

تاخیری حربوں کی بجائے ایران کو حج کا انتظام کرنے کی فوری سہولت دی جائے

[illegible]

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال

سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۱۵ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۲۵ ڈالر

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجیے
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto, Ontario
Canada M2H 2P6 Phone: (416) 424-1989/493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجیے →